## ایم کیوایم کل بھی کشمیری عوام کے ساتھ تھی اور آج بھی ساتھ ہے۔الطاف حسین

## ایم کیوایم حق خودارادیت کی جدوجہد میں ہر کڑے مشکل وقت میں کشمیری عوام کے شانہ بشانہ رہے گی

## کشمیر کشمیریوں کا ہے اور کشمیریوں کی رائے مشورے کے بغیر بالا ہی بالا کوئی فیصلہ نہ کیا جائے

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر آزاد کشمیر کے صدر سردار محمد یعقوب سے ٹیلیفون پر گفتگو

## کشمیری عوام کیلئے آپ کے مثبت جذبات سے ہمیں بہت حوصلہ ملا ہے۔سردار یعقوب کی قائد تحریک الطاف حسین سے گفتگو

## آپ صرف ایم کیوایم کے قائد نہیں بلکہ مسلم امہ کے ایک بڑے رہنما ہیں اور آپکی بات کی بہت اہمیت ہے۔سردار یعقوب

## کشمیری عوام لارڈ نذیر کے الزامات کی مذمت کرتے ہیں وہ کسی ناپسندیدہ شخصیت کے ساتھ نہیں بلکہ ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔سردار یعقوب

## ایم کیوایم ایک محبِّ وطن جماعت ہے اور وہ آزاد کشمیر میں ہماری مخلوط حکومت کا حصہ ہے۔صدر آزاد کشمیر سردار یعقوب

لندن۔۔۔24 نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کل بھی کشمیری عوام کے ساتھ تھی اور آج بھی ساتھ ہے اور حق خودارادیت کی جدوجہد میں ہر کڑے مشکل وقت میں کشمیری عوام کے شانہ بشانہ رہے گی۔ انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر آزاد کشمیر کے صدر سردار محمد یعقوب سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آزاد کشمیر کی نائن زیرو آمد پر ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا آنا باعث عزت ہے، پاکستان اور کشمیر کے عوام کے درمیان قدرتی محبت اور لگاؤ ہے، انہوں نے ایک مرتبہ پھر اس بات کا اعادہ کیا کہ کشمیر کشمیریوں کا ہے اور کشمیریوں کی رائے مشورے کے بغیر بالا ہی بالا کوئی فیصلہ نہ کیا جائے، جو بھی فیصلہ کیا جائے اس میں کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کا خیال رکھا جائے اور تمام مذاکرات میں کشمیری عوام کو شریک کیا جائے، کشمیری عوام کی شرکت کے بغیر کئے جانے والے کسی بھی فیصلے کو نہ تو کشمیری عوام تسلیم کریں گے اور نہ ہی ایسا کوئی فیصلہ دیرپا ہوگا اور نہ اس کے مثبت نتائج نکلیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کشمیری عوام کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم حق خودارادیت کی جدوجہد میں کل بھی کشمیری عوام کے ساتھ تھی اور آج بھی ان کے ساتھ ہے۔ انہوں نے پاکستان کے عوام اور کشمیریوں کو قریب لانے کے سلسلے میں صدر پاکستان آصف علی زرداری کی کوششوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ صدر مملکت اور پیپلز پارٹی کی حکومت کشمیری عوام کو انکے حقوق دلانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں گے۔ آزاد کشمیر کے صدر سردار محمد یعقوب نے جناب الطاف حسین کے خیالات کا زبردست خیر مقدم اور شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جبکہ بھارت کی 6 لاکھ فوج مقبوضہ کشمیر میں موجود ہے، آپ نے کشمیری عوام کیلئے جن مثبت جذبات کا اظہار کیا ہے اس سے ہمیں بہت حوصلہ ملا ہے۔ آپ صرف ایم کیوایم کے قائد نہیں بلکہ مسلم امہ کے ایک بڑے رہنما ہیں اور آپ کی بات کی بہت اہمیت ہے۔ کشمیری عوام آپ کے جذبات کی قدر کرتے ہیں اور وہ بھی ہر طرح سے آپ کے ساتھ ہیں۔ صدر سردار محمد یعقوب نے ایم کیوایم کے بارے میں برطانیہ کے لارڈ نذیر کے شرانگیز الزامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام لارڈ نذیر کے الزامات کی مذمت کرتے ہیں اور آج آزاد کشمیر کی کابینہ نے لارڈ نذیر کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دیا ہے اور آج میں انہی جذبات کا اظہار کرنے نائن زیرو آیا ہوں کہ آزاد کشمیر کے عوام کسی ناپسندیدہ شخصیت کے ساتھ نہیں بلکہ ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانچ لاکھ کشمیری صوبہ سندھ میں آباد ہیں اور ہمیں ساری عمر آپ کی ضرورت ہے، ہمارا آپ سے گہرا رشتہ ہے، آپ ایک نیشنل لیڈر ہیں، ہمارے دل میں آپ کی بہت عزت ہے اور کوئی بھی اس عزت واحترام کے رشتے کو ختم نہیں کرسکتا۔ صدر سردار محمد یعقوب نے کہا کہ ایم کیوایم ایک محبِّ وطن جماعت ہے اور وہ آزاد کشمیر میں ہماری مخلوط حکومت کا حصہ ہے اور ہم انشاءاللہ مل جل کر کام کرتے رہیں گے۔

## آزاد کشمیر کے صدر سردار محمد یعقوب کی نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## جناب الطاف حسین نے جس طرح کھل کر کشمیر کیلئے آواز بلند کی ہے اس پر دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں، سردار یعقوب

## سردار یعقوب کی نائن زیرو آمد سے کشمیری اور پاکستانی عوام کے درمیان جو قدرتی محبت، انسیت اور لگاؤ ہے اس میں مزید اضافہ ہوگا، رضا ہارون

## ملاقات کے بعد نائن زیرو پر میڈیا کے نمائندگان کو بریفنگ

## نائن زیرو پر سردار محمد یعقوب اور ان کے رفقاء کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں

کراچی۔۔۔24،نومبر 2011ء

آزادکشمیر کے صدر سردار محمد یعقوب نے جمعرات کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون، محترمہ نسرین جلیل، شعیب بخاری، کنور خالد یونس، کنور نوید جمیل، گلفراز خان خٹک اور یوسف شاہوانی سے ملاقات کی اور کشمیری عوام کے حقوق کی جدوجہد میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے عملی کردار کو سراہا۔ سردار محمد یعقوب جب نائن زیرو پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دونوں اطراف میں قطاروں میں کھڑے کارکنان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اور آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست ایم ایل اے سلیم بٹ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان اور آزادکشمیر کی سیاسی، سماجی، معاشی اور اقتصادی صورتحال پر بات چیت کی گئی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس دوران ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بھی آزادکشمیر کے صدر سردار یعقوب سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور انہیں نائن زیرو پر خوش آمدید کہا۔ بعدازاں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے سردار محمد یعقوب نے کہا کہ کشمیر اور پاکستان کے عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں جناب الطاف حسین کا کردار ناقابل فراموش ہے، کشمیری ڈکٹیشن لینے اور کسی کے چاپلوسی کرنے والے نہیں بلکہ حق و سچ کا ساتھ دینے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ''الطاف حسین پوری مسلم امہ کے لیڈر ہیں'' اور انہوں نے جس طرح سے کھل کر کشمیر کیلئے آواز بلند کی ہے آج میں ریاست جموں وکشمیر کے لوگوں کی جانب سے ان کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جب میں وزیراعظم آزادکشمیر تھا تب بھی نائن زیرو آیا تھا اور آج جب صدر بنا تو اب بھی نائن زیرو آیا ہوں، نائن زیرو میرا گھر ہے۔ انہوں نے کہا کہ لارڈ نذیر کشمیری ہونے کا دعویدار ہے اور وہ ان پر الزامات لگا رہا ہے جو بظاہر کشمیریوں کے حق میں بات کررہے ہیں جبکہ درحقیقت وہ کشمیریوں کے دست بازو کو کاٹنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج آزادکشمیر کی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں لارڈ نذیر کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مضبوط ہوگا تو کشمیر آزاد ہوگا، آپ کے خلاف سازش ہوگی تو یہ کشمیر کے خلاف سازش ہوگی۔ قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے میڈیا کے نمائندگان کو بریفنگ دیتے ہوئے سردار یعقوب اور ان کے تمام رفقاء کی نائن زیرو آمد کا زبردست خیرمقدم کیا اور کہا کہ سردار یعقوب کی نائن زیرو آمد سے کشمیری اور پاکستانی عوام کے درمیان جو قدرتی محبت، انسیت اور لگاؤ ہے اس میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سردار یعقوب سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور اس میں واضح الفاظ میں کہا ہے کہ کشمیر کشمیریوں کا ہے اور کشمیری عوام کی مرضی کے بغیر کوئی بھی فیصلہ دیرپا نہیں ہوسکتا۔

## ذوالفقار مرزا اور لارڈ نذیر کی جانب سے برطانیہ میں
## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کی قیادت کی کردار کشی پر مبنی پروپیگنڈے
## کیخلاف آزادکشمیر کابینہ کے اجلاس میں مذمتی قرارداد اتفاق رائے سے منظور

مظفرآباد:۔۔۔۔24 نومبر 2011ء

آزادکشمیر کابینہ کے اجلاس میں ذوالفقار مرزا اور لارڈ نذیر کی جانب سے برطانیہ میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور صدر پاکستان آصف علی زرداری اور دونوں سیاسی جماعتوں کی قیادت کی کردار کشی پر مبنی پروپیگنڈے کے خلاف مذمتی قرارداد اتفاق رائے سے منظور کرلی گئی۔ جمعرات کے روز ہونے والے آزادکشمیر کی مخلوط کابینہ کے اجلاس میں پیش ہونے والی قرارداد میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کو بہادر نڈر اور محبِّ وطن قومی لیڈر قرار دیتے ہوئے ذوالفقار مرزا کی جانب سے برطانیہ میں دونوں سیاسی جماعتوں کی قومی قیادت کے خلاف منفی پروپیگنڈے کو شرانگیز قرار دیتے ہوئے اس کو قومی وملک سلامتی اور جمہوری استحکام کے کلاف سازش قرار دیا ہے۔ قرارداد میں لارڈ نذیر کی جانب سے ذوالفقار مرزا اور لارڈ نذیر کو قومی مجرم قرار دیتے ہوئے دونوں کے خلاف کارروائی کا بھی مطالبہ کیا گیا۔

☆☆☆☆☆